الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 30نو مبر2022اسلام آباد

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ، معزز ممبران الیکشن کمیشن 30نومبر2022 کو الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات پنجاب کے حوالے سے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس ہو ا جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے کی۔ اجلا س میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن ، چیف سیکرٹری پنجا ب اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کے علاوہ الیکشن کمیشن اور حکومت پنجاب کے دیگر افسران نے شرکت کی۔

الیکشن کمیشن کو سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بریف کیا کہ پنجاب کے بلدیاتی اداروں کی معیا دیکم جنوری 2022کو ختم ہوچکی ہے ۔ الیکشن کمیشن کو بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے دو دفعہ حلقہ بندیوں کا کام کرنا پڑا کیونکہ دو دفعہ بلدیاتی قوانین کو تبدیل کر دیا گیا۔ اب صوبائی حکومت پنجاب نے "پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ" 16 نومبر 2022 کو نوٹیفائی کیا ہے۔ جس کے تحت الیکشن کمیشن تیسری دفعہ حلقہ بندیوں کے کام کا آغاز کرنے جارہا ہے۔ اس کیلئے بھی ابھی تک پنجاب حکومت نے" پنجاب لوکل گورنمنٹ حلقہ بندی رولز" اور " پنجاب لوکل گورنمنٹ کنڈکٹ آف الیکشن رولز" نوٹیفائی نہیں کیے۔حکومت پنجاب آئین ، قانون اور سپریم کورٹ کے احکامات کی روشنی میں بروقت الیکشن کروانے کیلئے الیکشن کمیشن کی معاونت کی پا بند ہے۔لہذا صوبائی حکومت کو پابند کیا جائے کہ فوری طورپر لوکل گورنمنٹ کنڈکٹ آف الیکشن رولز وحلقہ بندی رولز ودیگر نقشہ جات و ڈیٹا الیکشن کمیشن کو مہیا کرے۔ تاکہ الیکشن کمیشن حلقہ بندیو ں کے کام کا آغا زجلد از جلد کرسکے مزید آج

صوبہ میں انتخابات کے انعقاد کیلئے تاریخ پر صوبائی حکومت کے نمائندگان سے مشاورت کی جائے۔تاکہ فوراً لوکل گورنمنٹ الیکشن کا انعقاد کیا جاسکے۔

صوبائی حکومت کے نمائندگان نے بریف کیا کہ ڈرافٹ رولز الیکشن کمیشن کے فیڈبیک کے مطابق کابینہ کی آئندہ میٹنگ میں رکھے جائیں گے۔ اور جتنی جلد ممکن ہوسکے گا اِن رولز کی منظوری کے بعد اِن کی کاپیاں الیکشن کمیشن کو مہیا کی جائیں گی۔ اِسی طرح نقشہ جات و دیگر ڈیٹا بھی ڈپٹی کمشنر صاحبان ضلعی سطح پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنروں کو مہیا کررہے ہیں۔

چیف الیکشن کمشنر نے چیف سیکرٹری پنجاب پر واضح کیا کہ الیکشن کمیشن تما م صوبوں میں لوکل گورنمنٹ یا تو انتخابات کرواچکا ہےیا کروانے والا ہے اور الیکشن شیڈول دے چکا ہے ۔ اورصرف صوبہ پنجاب باقی ہے جہاں پر مختلف ادوار میں قوانین میں تبدیلی اور دیگر تاخیری حربوں کی وجہ سے انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔

الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت پنجاب کے نمائندگان کو ہدایات دیں کہ فوری طورپر الیکشن کمیشن رولز اور دیگر ڈیٹا کی کاپیاں صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب اور ضلعی الیکشن کمشنر وں کو مہیا کی جائیں ۔ مزید واضح کیا کہ اگر اب لوکل گورنمنٹ قوانین میں کوئی تبدیلی کی گئی تو الیکشن کمیشن اپنے آئینی اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے لو کل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنا ئے گا ۔

صوبہ پنجاب میں الیکشن کی تاریخ کی مشاورت پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ الیکشن کے انعقاد کی تاریخ دیتے وقت آئندہ ماہ رمضان کو مدنظر رکھا جائے اور الیکشن کمیشن مناسب تاریخ کا فیصلہ کرے۔اس پر الیکشن کمیشن نے فیصلہ کیا کہ صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات اپریل 2023ءکے آخری ہفتہ میں منعقد کرائے جائیں گے۔